صدری اعمال

وخزینہ حاضرات

حصہ سوم

از شحات قلم

محمد مولانا اسحاق نقشبندی غفرلہ

فاضل جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑپکا

0348-6362824

جملہ حقوق محفوظ ہیں

کتاب = صدری اعمال وخزینہ حاضرات

مصنف = مولانا محمد اسحاق نقشبندی غفرلہ

صفحات =

اشاعت = ۲۰۱۹

کتاب ملنے کا پتہ

اس نمبر پر رابطہ کرلیں نمبر بند ہونے کی صورت میں

اسی نمبر پر واٹس ایپ کردیں 0348-6362824

تمہید

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم اَمَّا بَعْد

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ (القرآن)

ترجمہ : ہم اتارتے ہیں قرآن سے وہ چیز جو شفاء ہے اور رحمت ہے ایمان والوں کیلئے

شروع کرتا ہوں اللہ تبارک وتعالی کے مبارک نام سے جو رحمٰن ہے رحیم ہے تمام تعریفیں اُس ذات کیلئے ہیں جو دونوں جہانوں کا مالک ہے جو واحد ہے جسکا کوئی شریک نہیں طویل عرصہ سے میری یہ خواہش تھی جن اعمال سے مجھے فائدہ ہوا ایسے مجرب اور صدری نایاب اعمال مخلص عاملین کی خدمت میں کتابی شکل میں پیش کروں تاکہ وہ بھی مستفید ہوسکیں اور خلق خدا کیلئے روشنی کی کرن ثابت ہوں اس سلسلے میں سب سے پہلے میں نے مجرب اعمال کتابچہ جو کہ پی ڈی ایف کی شکل میں ترتیب دیا الحمدللہ عاملین وعوام الناس کے ہاں بہت مقبول ہوا عاملین وعوام الناس نے اُس سے خوب فائدہ اُٹھایا اسکے بعد عاملین

حضرات کے اصرار پر صدری نایاب اعمال کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے اللہ تعالی کی خاص مدد و نصرت شامل حال ہوئی اور آج ۱۰ شوال المکرم ۱۴۴۰ھ ہجری بمطابق ۱۴ جون ۲۰۱۹ء عیسوی بروز جمعة المبارک صدری اعمال وخزینہ حاضرات کا تیسرا حصہ بھی تکمیل تک جا پہنچا اس سے پہلے دو حصوں کو جس قدر مقبولیت ہوئی اللہ تعالی سے امید ہے کہ یہ تیسرا حصہ بھی قارئین کیلئے قیمتی اور گرانقدر ثابت ہوگا ان شاء اللہ

صدری اعمال وخزینہ حاضرات کے پہلے حصے میں تشخیص وحصار کے مختلف اعمال دیئے اور رجعت کسے کہتے ہیں؟ رجعت کی علامات کیا ہیں؟ رجعت کیوں ہوتی ہے؟ رجعت کا توڑ کیا ہے؟ دفع جادو وسحر کے اعمال و دفع جنات کے اعمال دیئے اور حصہ دوم میں حب وزبان بندی کے اعمال دیئے اور اب حصہ سوم جو کہ آپ قارئین کے پاس ہے اسمیں دشمن کی تباہی و بربادی کے اعمال بغض وعداوت کے اعمال بندش لگانے وکھولنے کے اعمال ،شفاء جسمانی امراض

کے اعمال، دیئے ہیں اور امراض جسمانی کے علاج کے حوالے سے
اللہ تعالیٰ نے بندہ ناچیز پر اپنا خصوصی فضل وکرم فرما رکھا ہے یہ میرے
دادا جی مرحوم کی طرف سے ورثہ بھی ہے اور دیگر اہل اللہ سے حاصل
شدہ مجرب خزینہ بھی ہے سب سے بڑا لمحہ فکریہ یہ ہے جادو جنات کے
اعمال کے علاوہ مذکورہ بالا اعمال جن کا ذکر کر چکا ہوں ایسے نایاب
قیمتی اعمال شاید ہی کوئی استاد اپنے شاگرد کو اتنی آسانی سے نہیں دیتا
ورنہ ایسے اعمال کو حاصل کرنے کیلئے مختلف اسفار کیساتھ ساتھ پیسوں
کا ضیاع الگ ہوتا ہے اسکے باوجود ایسے قیمتی اعمال ڈھونڈنے سے
نھیں ملتے چونکہ یہ تیسرا حصہ بغض وعداوت وبندش کے اعمال پر مشتمل
ہے بغض وعداوت کا یہ ہرگز مطل نہیں ہے کہ جہاں تھوڑی سی لڑائی
ہوئی بس اپنی بھڑاس اعمال کے ذریعے نکالنا شروع کردیں مضبوط
عامل وہی کہلاتا ہے جو اعصاب کا قوِی بھی ہو اور ظرف بھی وسیع رکھتا
ہو درگزری کرنے والا ہو درگزری کرنے والے سے اللہ تعالیٰ بھی

محبت فرماتے ہیں جیسا کہ ارشاد ربانی ہے

وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ

ترجمہ: وہ لوگ جو پی جاتے ہیں غضب وغصے کو اور معاف کرتے ہیں لوگوں کو اور اللہ تعالی محبت کرتے ہیں محسنین سے

اور جس عامل میں قوت برداشت نہیں وہ خدمت خلق کی بجائے فساد کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے جبکہ عامل کا مقصد رفاہ عامہ ہے نا کہ فساد میں نے صدری اعمال حصہ اول وحصہ دوم وحصہ سوم میں جو اعمال دیئے ہیں انتہائی مجرب وکارگر ہیں یہی وجہ ہے میں نے اپنی کتاب ہر عامل کے ہاتھ نہیں تھمائی جبکہ پہلے دوحصوں کے طالبین ابھی تک میرے پیچھے پڑے ہیں اور منہ مانگی قیمت دینے کیلئے بھی تیار ہیں فن عملیات کے ماہرین جانتے ہیں کہ میرا ایک ایک عمل کتنا قیمتی ہے بہر حال میں اپنی بات کو سمیٹتے ہوئے آخر میں صرف اتنا کہونگا کہ مجھے نہیں لگتا کہ کسی عامل کے پاس میری کتاب صدری اعمال وخزینہ حاضرات کے

تینوں حصے ہوں اور اسکو مزید کسی عمل ضرورت پڑے یا اسکو دَر دَر کی ٹھوکریں کھانی پڑیں بہر حال میں اُن تمام احباب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اپنی خصوصی نیک دعاؤں میں یاد رکھا جنکی برکت سے آج حصہ سوم پایہ تکمیل تک پہنچا اللہ تبارک وتعالی اس کتاب کے قارئین کو دنیا وآخرت میں خوشیوں سے نوازے اور اللہ پاک اس کتاب کے ہر ہر عمل میں کامیابیوں سے نوازے

آمین بجاہ النبی الکریم والحمدللہ رب العالمین

دعاگو ودعاجو

مولانا محمد اسحاق نقشبندی غفرلہ

فاضل جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑ پکا

واٹس ایپ وکال نمبر 0348-6362824

تقریظ

حضرت اقدس حضرت مولانا قاری محمد امین نقشبندی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

خلیفہ مجاز حضرت اقدس الشیخ مولانا محمد نواز سیال صاحب مدظلہ العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ قادریہ حنفیہ ملتان

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْمِ اَمَّا بَعْد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاۃ

برخوردار مولوی محمد اسحاق نقشبندی نے **بڑی محنت** کے ساتھ وہ اعمال عاملین کے سامنے پیش کئے ہیں جو کہ مجرب اور قرآنی اعمال ہیں اور عاملین کے لئے بہت مفید ہیں مولانا نے عاملین کے سامنے وہ اعمال پیش کئے ہیں جو کہ عام طور پر عاملین چھپاتے ہیں اور ایسے اعمال دل میں مخفی رکھ کر دنیا سے رخصت ہوجاتے ہیں مولانا نے فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ تمام مخفی اور مجرب اعمال عاملین کے سامنے پیش کردیئے ہیں اللہ تعالیٰ مولانا کی اس جہد مسلسل کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور مزید ترقیوں سے نوازے میں امید کرتا ہوں عاملین حضرات ان اعمال کو غیر شرعی امور میں کبھی بھی استعمال نہیں کریں گے ورنہ خَسِرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃ کا مصداق بن جائیں گے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی اور اپنے محبوب مدنی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور رضاء اور خاتمہ بالخیر نصیب فرمائے **آمین یارب العالمین**

والسلام **احقر محمد امین نقشبندی غفرلہ**

عکس تحریر

حضرت اقدس حضرت

مولانا قاری محمد امین نقشبندی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

خلیفہ مجاز حضرت اقدس الشیخ مولانا محمد نواز سیال صاحب مدظلہ العالیہ

شیخ الحدیث جامعہ قادریہ حنفیہ ملتان

ملحق وفاق المدارس العربیہ پاکستان

اہلسنت والجماعت کی عظیم دینی درسگاہ

بیادگار پیر طریقت عبدالحی بھلوی شجاع آباد

جامعہ حیدریہ ضیاء العلوم (رجسٹرڈ)

یسین کالونی فقر شاہ ٹھل بوہڑ تحصیل میلسی ضلع وہاڑی پنجاب (پاکستان)

جامعہ ہذا و شاخ مدرسہ اصحاب صفہ قادر پور جمنہ تحصیل کہروڑ پکا اکابر علماء کرام و مشائخ عظام و تبلیغی احباب کی سرپرستی میں کام کر رہا ہے

زیر اہتمام: بانی و مہتمم مولانا قاری محمد امین فاضل جامعہ باب العلوم کہروڑ پکا

Ph:067-3450317.Mob:0300-7732850,0301-7939983

حوالہ نمبر

تاریخ ۱۰ محرم الحرام ۱۴۴۰ھ
21-9-2018

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

برخوردار مولوی محمد اسحاق نقشبندی نے بڑی محنت کے ساتھ وہ اعمال عاملین کے سامنے پیش کیے ہیں جو کہ مجرب اور قرآنی اعمال ہیں اور عاملین کیلئے بہت ہی مفید ہیں مولانا نے عاملین کے سامنے وہ اعمال پیش کر دیے ہیں جو کہ عام طور پر عاملین چھپاتے ہیں اور ایسے اعمال دل میں مخفی رکھ کر دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں مولانا نے فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ تمام مخفی اور مجرب اعمال عاملین کے سامنے پیش کر دیے ہیں اللہ تعالیٰ مولانا کی اس جہد مسلسل کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور مزید ترقیوں سے نوازے میں امید کرتا ہوں عاملین حضرات ان اعمال کو غیر شرعی امور میں استعمال نہیں کریں گے ورنہ خسر الدنیا والآخرۃ کا مصداق بن جائیں گے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی اور اپنے محبوب مدنی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور اطاعت اور خاتمہ بالخیر نصیب فرمائے۔ آمین یارب العالمین

والسلام

احقر محمد امین غفرلہ

جامعہ حیدریہ ضیاء العلوم (رجسٹرڈ)
ٹھل بوہڑ تحصیل میلسی (وہاڑی)
الحاق نمبر 1138-0300-7732850

فہرست

صفحہ نمبر	نام مضمون	نمبر شمار
	فصل ششم ﴿ بندش کھولنے کے اعمال ﴾	45
64-68	کاروبار میں نقصانات کیوں ہوتے ہیں؟	46
69	کاروباری بندش کا مکمل خاتمہ	47
70	کاروباری بندش ختم کرنے صدری عمل	48
71	نکاح کی بندش ختم کرنے کا عمل	49
72	رشتوں کی بندش کا مکمل خاتمہ	50
73	عمل برائے دفع بندش نکاح	51
73	نَس بَندِی کھولنے کا نایاب عمل	52
74	ہر قسم کی بندش کھولنے کا عمل	53
	فصل ہفتم ﴿ شفاء جسمانی امراض کے اعمال ﴾	54
75	بخار کا خاتمہ لاجواب مجرب عمل	55
76	درد داڑھ کیلئے میرے شیخ کا عطاء کردہ خاص عمل	56
77	خارش کے خاتمے کیلئے عمل	57
77	خارش کے لئے لاجواب عمل	58
78	پھوڑا پھنسی ختم کرنے کیلئے صدری عمل	59

صفحہ نمبر	نام مضمون	نمبر شمار